**15.08.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے 80واں یومِ آزادی کا جشن منانے میں ملک کی قیادت کی اور لوگوں پر زور دیا کہ وہ ایک مضبوط اور خود کفیل بھارت کیلئے بڑے خواب دیکھیں۔

☆ وزیر اعظم نے وکست بھارت کیلئے نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنائے جانے پر زور دیا اور بھارت کو نئی بلندیوں پر لے جانے کی خاطر نوجوانوں کی قوت کو بروئے کار لانے کے مقصد سے سپت دھارا فریم ورک کا اعلان کیا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2047 تک 100 گیگاواٹ کی ایٹمی بجلی کی صلاحیت کے نشانے کا اعلان کیا۔

☆ عالمی رہنماؤں نے بھارت کے یومِ آزادی کے موقع پر مبارکباد دی اور اُس کے جمہوری سفر، تہذیبی ورثے اور علاقائی اور عالمی اشتراک میں اُس کے بڑھتے ہوئے رول کی ستائش کی۔

☆ انڈونیشیا میں شدید زلزلے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 47 تک پہنچ گئی ہے۔

☆ اروناچل پردیش، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، اڈیشہ، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں کل تک شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

☆ ہاکی میں‌نیدرلینڈس میں FIHورلڈ کپ کے گروپ۔D کے میچ میں بھارت نےویلزکوتین–ایک سے ہرادیا۔

☆ اور۔۔ کرکٹ میں میزبان سری لنکا کے خلاف پہلے ٹیسٹ کے پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے 2وکٹ پر 288رن بنا لئے تھے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Independce Day***

آج 80واں یومِ آزادی، پوری دھوم دھام کے ساتھ منایا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دلّی میں تاریخی لال قلعے پر یومِ آزادی کی تقریبات میں ملک کی قیادت کی۔ وہاں اُن کے پہنچنے کے بعد لال قلعے پر پہلی مرتبہ قومی گیت وَندے ماترم گایا گیا۔ اِس سال کی تقریبات میں 2047 تک وکست بھارت کی تعمیر میں نوجوانوں کے رول کو تسلیم کرتے ہوئے یووا شکتی کی اہمیت اجاگر کی گئی۔

لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ گزشتہ 12سال کے دوران ملک کے کروڑوں شہریوں نے اپنے پختہ عزم اور لگن کے ذریعے ملک کو نئی بلندیوں پر لے جانے کیلئے بھرپور کوشش کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِن کوششوں کی بدولت 25 کروڑ لوگ غربت سے باہر آگئے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت نے 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کا بڑا نشانہ طے کیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ بھارت جو کبھی پانچ کمزور معیشتوں والے ملکوں میں شامل تھا، اب دنیا میں ایک بڑی اور سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی معیشت کے طور پر ابھرا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ کوئی ملک تبھی ترقی کرسکتا ہے کہ جب وہ خود اپنے خواب اور عزم کی طاقت کے ساتھ قدم بڑھاتا ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بڑے خوابوں اور مضبوط عزم سے ملک کی کوششوں کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

**2100- PM-Self Reliant**

وزیر اعظم نے کہا کہ توانائی کی یقینی فراہمی، موجودہ دور کی بڑی ضروریات میں سے ایک ہے اور سرکار نے اِس سلسلے میں کئی اہم اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی توانائی، ملک کی توانائی کی یقینی فراہمی کا ایک اہم وسیلہ ہے۔

**2100-PM- Security**

وزیر اعظم نے کہا کہ سرکار نے ساحلِ سمندر کے 99فیصد علاقے کھول دیئے ہیں اور سرکار اب سمندر کی گہرائیوں میں تلاش کا کام، سرگرمی کے ساتھ انجام دے رہی ہے اور نئے ذخائر دریافت کرنے کیلئے کوششیں کی جارہی ہیں۔

**2100- PM- Samudra Manthan**

وکست بھارت کیلئے نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنائے جانے پر زور دیتے ہوئے جناب مودی نے مختلف پبلک امتحانات کیلئے غریب اور متوسط طبقے کے کنبوں کیلئے مفت آن لائن کوچنگ فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ وزیر اعظم نے یہ اعلان بھی کیا کہ سرکار نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اگلے ایک سال میں ایک کروڑ نوجوانوں کو AI کی ہنرمندی کی تربیت دی جائے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ اِس طرح یہ نوجوان، عالمی سطح پر AI کے شعبوں میں سرکردہ رول ادا کرسکیں گے۔

**2100- PM-AI**

اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے ملک کے لوگوں پر زور دیا کہ وہ قوت کی سات دھاراؤں **Sapt Dhara** کو بروئے کار لائیں۔

جناب مودی نے کہا کہ اگلے پانچ–سات سال میں ملک وہ سب کچھ حاصل کرلے گا، جو گزشتہ پانچ–سات دہائیوں میں بھی حاصل نہیں کیا جاسکا تھا۔

**2100- PM- Saptdhara**

وزیر اعظم نے کہا کہ اگلے سات–آٹھ سال میں مزید پانچ سے لے کر آٹھ سیمی کنڈکٹر پلانٹس کام کرنے لگیں

گے۔ جناب مودی نے کہا کہ 3 سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ پلانٹس میں پروڈکشن کا کام شروع ہوچکا ہے۔

**2100- PM- Semi Condector**

پیش ہے، لال قلعے پر یومِ آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں ہمارے نامہ نگار کی یہ رپورٹ۔

**VC Suparna**

آج یومِ آزادی کی تقریبات کے ساتھ ساتھ قومی گیت وَندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کا جشن بھی منایا گیا۔ پہلی مرتبہ لال قلعے پر اِن تقریبات کے دوران وَندے ماترم گایا گیا۔

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، دفاع کے وزیرِ مملکت سنجے سیٹھ اور محکمۂ دفاع کے سکریٹری راجیش سنگھ نے لال قلعے پہنچنے پر وزیر اعظم نریندر مودی کا استقبال کیا۔ وزیر اعظم کو پیش کیے گئے گارڈ آف آنر کے دستے میں ایک افسر اور فوج، بحریہ، فضائیہ اور دلّی پولیس سے تعلق رکھنے والے چوبیس–چوبیس اہلکار شامل تھے۔وزیر اعظم نے قومی پرچم لہرایا اور اِس کے ساتھ ساتھ 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ قریب کے مقام پر بھارتی فضائیہ کے Mi-17طرز کے دو ہیلی کاپٹروں کے ذریعے پھول برسائے گئے۔ فوج کے بینڈ نے وَندے ماترم کی دُھن بجائی اور لال قلعے پر موجود سبھی لوگوں نے قومی گیت گایا۔ اِس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔

اِس سال لال قلعے پر یومِ آزادی کی تقریب کیلئے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 5ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا تھا۔

دلّی سے سُپرنا Saikia کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں کونین حیدر

## *World Leaders 1 Day*

عالمی رہنماؤں اور غیر ملکی مشنوں نے بھارت کے 80ویں یومِ آزادی کے موقع پر مبارکباد دی اور اُس کے جمہوری سفر، تہذیبی وراثت اور علاقائی نیز عالمی اشتراک میں اُس کے بڑھتے ہوئے رول کی ستائش کی۔

امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے بھارت اور امریکہ کے درمیان مستحکم کلیدی ساجھے داری کو اجاگر کیا جبکہ سنگاپور کے صدر Tharman Shanmugaratnam نے ہنرمندی کے فروغ، ڈیجیٹل شکل دیئے جانے، پائیدار نظام اور جدید طرز کی مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بڑھتے ہوئے تعاون کی اہمیت اجاگر کی۔

فرانس کے صدر Emmanuel میخوں نے بھی 80ویں یومِ آزادی پر بھارت کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

اسرائیل کے صدر Isaac Herzog نے اپنا پیغام ہندی میں بھی شیئر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی اور بھارت کے عوام کو مبارکباد پیش کی۔

نیپال کے وزیر اعظم Balendra Shah نے بھی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا جبکہ Latvia کی وزارتِ خارجہ نے بھارت کی لگاتار پیشرفت، اتحاد اور خوشحالی کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔
ادھر اسرائیل کے سفیر، ارجنٹینا کے سفیر، سری لنکا کے ہائی کمشنر نیز نیپال اور فرانس کے سفارتخانے، آسٹریلیا کے ڈپٹی ہائی کمشنر اور کنیڈا کے ہائی کمیشن کی جانب سے بھی مبارکباد کے پیغامات موصول ہوئے ہیں۔ان میں بھارت کے ورثے اور گوناگونیت، اقتصادی صلاحیت اور فروغ پاتے ہوئے باہمی تعلقات کو اجاگر کیا گیا ہے۔
مالدیپ کے صدر محمد Muizzu نے بھی یہ کہتے ہوئے مبارکباد پیش کی کہ آزادی کی آٹھ دہائیوں سے بھارت کی امنگوں، مضبوطی اور پائیدار جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## ***PM I Day Wishes***

وزیر اعظم نریندر مودی نے اُن عالمی رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا ہے جنھوں نے یومِ آزادی کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ ان میں فرانس کے صدر Emmanuel میکروں اور مالدیپ کے صدر محمد Muizzu شامل ہیں۔
نیپال کے وزیر اعظم Balendra Shah کی مبارکباد کے پیغام کے جواب میں جناب مودی نے کہا کہ وہ دونوں ملکوں کے عوام کی بہبود اور باہمی خوشحالی کیلئے بھارت اور نیپال کے درمیان کثیر رخی اور صدیوں پرانے تہذیبی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی خاطر مل کر کام کرنے کے پابند ہیں۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بھوٹان کے وزیر اعظم Tshering Tobgay کے پیغام کیلئے اُن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت، بھوٹان کے ساتھ خصوصی اور پائیدار ساجھیداری کو بہت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو لگاتار مضبوط ہوتی جارہی ہے۔
سلوواکیہ کے صدر Peter Pellegrini کے پیغام کے جواب میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ وہ بھارت اور سلوواکیہ کے درمیان جامع ساجھیداری کو مزید مستحکم بنائے جانے کے متمنی ہیں۔x

## ***PM VP Article***

وزیر اعظم نریندر مودی نے نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کا تحریر کردہ ایک مضمون شیئر کیا ہے، جس میں مجاہدینِ آزادی کی قربانیوں اور 2047 تک وکست بھارت کی تعمیر کے عزم کو اجاگر کیا گیا ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اِس مضمون میں نائب صدر جمہوریہ کے انڈمان و نکوبار جزائر کے حالیہ دورے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔
اُن کا یہ دورہ، ایسے وقت ہوا، جب بھارت اپنا 80واں یومِ آزادی منا رہا ہے اور پورے ملک میں مجاہدینِ آزادی کی قربانیوں کو یاد کیا جا رہا ہے۔
جناب مودی نے کہا کہ اِس مضمون میں لوگوں سے زور دے کر کہا گیا ہے کہ وہ اِس امرت کال کے دوران 2047 تک وکست بھارت کی تعمیر کیلئے خود کو وقف کردیں اور ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل کر کام کریں۔x

## PIB Fact Check

سرکار نے سوشل میڈیا پر سرکلیٹ کرنے والی ایک پوسٹ کو خارج کردیا ہے جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی یومِ آزادی پر پانچ ہزار روپئے کی نقد گرانٹ دے رہے ہیں اور اس کیلئے لوگوں کے بینک کھاتے کی تفصیلات مانگی جارہی ہیں۔

پریس انفارمیشن بیورو PIB کے حقائق کا پتہ لگانے والے یونٹ نے کہا ہے کہ یہ دعویٰ فرضی ہے۔ PIB نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نے یومِ آزادی پر اس طرح کی کسی بھی نقد گرانٹ کی کوئی تائید نہیں کی ہے۔ اس نے لوگوں کو خبردار کیا ہے کہ اس طرح کے پیغامات کے ذریعے اکثر ذاتی یا مالی جانکاری حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔PIB نے لوگوں سے زور دے کر یہ بھی کہا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور اس طرح کے پیغامات پر بھروسہ کرنے یا انھیں دوسروں تک پہنچانے سے پہلے سرکاری وسیلوں سے اس طرح کے دعوؤں کی تصدیق کرلیں۔x

## Indonesia Earthquake

انڈونیشیا کے Flores علاقے کے قریب آج سات اعشاریہ سات شدت کا زلزلہ آیا۔ اس واقعے میں مرنے والوں کی تعداد 47ہوگئی ہے۔ اس زبردست زلزلے کے بعد کئی جھٹکے محسوس کئے گئے جبکہ راحت ٹیموں نے بری طرح متاثر ہونے والے علاقوں میں پہنچنے کی کوشش جاری رکھی۔ ملک کے کئی حصوں میں کم سے کم ایک ایک میٹر سونامی کی لہروں کی بھی اطلاع ہے۔ اس زلزلے کے تقریباً تین گھنٹے بعد سونامی کا الرٹ واپس لے لیا گیا تھا۔ اس سے قبل Flores جزیرے پر Sikka Regency کے شہر Maumere میں بچاؤ ٹیموں نے 20لوگوں کی لاشوں کو ملبے سے باہر نکالا تھا۔ وہاں 6افراد زخمی ہوئے اور دو افراد کے ملبے کے نیچے دبے ہونے کی اطلاع ملی تھی۔ حکام کا کہنا ہے کہ کئی متاثرہ علاقوں میں اب بھی عمارتوں کے اندر لوگ پھنسے ہوسکتے ہیں۔ یہ بھی اطلاع ہے کہ زمینی تودے کھسکنے کے نتیجے میں سڑکوں پر ملبہ کے سبب راستے بند ہوگئے جس سے بچاؤ کارروائیوں میں مزید دشواری پیدا ہوئی۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے اروناچل پردیش، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، اڈیشہ، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں کل تک شدید سے لے کر بہت شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کے امکان کے مدنظر Orange الرٹ جاری کیا ہے۔

چھتیس گڑھ، گجرات، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، جھارکھنڈ، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش میں بھی اگلے دو تین دن کے دوران موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے۔ شمال مشرقی خطے میں بھی اِس مہینے کی 21 تاریخ تک اِسی طرح کا موسم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ موسمیات محکمے نے انڈمان ونکوبار جزائر، آندھرا پردیش، کرناٹک، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے، سکّم، تلنگانہ، بہار اور وِدربھ میں اگلے تین چار دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ x

## Mumbai Building Fire

ممبئی کے باندرہ ویسٹ علاقے میں اسٹیشن روڈ پر واقع آج ایک عمارت میں آگ لگ گئی۔ آگ لگنے کے بعد کئی لوگوں کا دم گھٹنے لگا۔ حکام کے مطابق متاثرہ لوگوں کو ایک اسپتال میں لے جایا گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ اُن کی حالت مستحکم ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ آگ بجھانے والے محکمے نے آگ پر قابو پالیا ہے۔ یہ واقعہ باندرہ کے MK Chembur علاقے میں پیش آیا۔x

## Hockey

بھارت نے نیدر لینڈس کے Amstelveen میں FIH ہاکی عالمی کپ کے گروپ D کے ایک میچ میں Wales کو ایک کے مقابلے تین گول سے ہرا دیا۔ بھارت کی طرف سے کپتان ہرمن پریت سنگھ نے دو گول کئے، سنجے رانا نے ایک گول کیا۔ Wales کی طرف سے Sam Welsh نے واحد گول کیا۔x

## Cricket

Galle میں میزبان سری لنکا کے ساتھ پہلے کرکٹ ٹیسٹ کے پہلے دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے اپنی پہلی اننگز میں دو وکٹ پر 288رن بنالئے تھے۔ آج جب کھیل ختم ہوا تو دیودت Padikkal نے 131رن بنالئے تھے جبکہ رشبھ پنت 27رن پر کھیل رہے تھے۔

اس سے قبل یشسوی جیسوال نے 32اور کپتان شبھمن گل نے 16رن بنالئے۔ کے ایل راہل کو چوٹ لگنے کی وجہ سے بیچ میں ہی کھیل چھوڑنا پڑا۔ اس وقت تک انھوں نے 77رن بنالئے تھے۔x

## Amrit Udyan

امرت اُدیان کَل سے اگلے مہینے کی پندرہ تاریخ تک عام لوگوں کیلئے کھول دیا جائے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ صبح دس بجے سے شام چھ بجے تک کھلا رہے گا اور شام پانچ بجے داخلے کا آخری وقت ہوگا۔ امرت اُدیان پیر کے روز بند رہے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆